رسید تحائفِ احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں ایک تحفہ ''چار امام'' کا ہے ۴۰ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ جناب پروفیسر محمد آصف خان علیمی نے شائع کیا ہے۔ جو نبیرۂ حضرت محدث سورتی مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی رحمۃ اللہ علیہ کے مضامین پر مشتمل ہے۔

مولانا قاری احمد پیلی بھیتی کو حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب مجدد گولڑوی سے نسبتِ بیعت حاصل تھی دو سال تک دربار عالیہ گولڑہ شریف میں مقیم رہ کر تحصیلِ علومِ اسلامی کے علاوہ اپنے مرشد سے اکتساب فیض کیا۔ پھر رامپور اور دہلی کی درسگاہوں سے تکمیل علوم کے بعد تحریک پاکستان میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ۱۹۴۹ء میں جمعیت علماء پاکستان سے وابستگی اختیار کی ۱۹۵۰ء میں کراچی سے ایک مذہبی رسالہ ماہنامہ ''الاسلام'' شائع کرنا شروع کیا، فقہ و تاریخ کے موضوعات پر متعدد کتب و رسائل تصنیف کئے اور سینکڑوں مضامین لکھے۔ یگانۂ روزگار مقرر واعظ اور خطیب تھے۔

چار امام سے مراد ائمہ مذاہب اربعہ ہیں یعنی امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ۔ چاروں ائمہ کے احوال و خدمات پر مشتمل یہ رسالہ مؤلف رحمہ اللہ کے صاحبزادۂ اکبر معروف ادیب و شاعر، صحافی و دانشور جناب خواجہ رضی حیدر کے ایماء پر شائع کیا گیا ہے، زبان و بیان سلیس و سادہ ہے اور انہی خوبیوں کی بناء پر پڑھے لکھے اور کم تعلیم یافتہ طبقے کے لوگ اس سے یکساں استفادہ کرسکتے ہیں۔ یہ بیش قیمت رسالہ مکتبہ علیمیہ شاپ نمبر ۹، رضیہ اسکوائر نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی سے حاصل کیا جاسکتا ہے یا پروفیسر محمد آصف علیمی صاحب سے فون نمبر 0333-2153112 پر رابطہ کرکے بلا قیمت بھی طلب کیا جاسکتا ہے۔

ایک دوسرا تحفہ ڈاکٹر اسماعیل الطحان کے ایک رسالہ ''تاریخ و تدوین و جمع قرآن'' کا ہے،

جس کا اردو ترجمہ جناب محمد رضی الاسلام ندوی صاحب نے ہندوستان میں کیا اور کراچی سے شائع ہوا ہے۔اس رسالہ کے اہم موضوعات میں تدوین قرآن پر مستشرقین کے پیدا کردہ شبہات کے جوابات ہیں خصوصاسات قرأتوں کے حوالہ سے مشہور عام اعتراض کا جواب مناسب انداز میں دیا گیا ہے۔ مدارس اسلامیہ کے طلبہ اور عصری درسگاہوں کے طلبہ کے لئے یہ رسالہ مفید معلومات کا حامل ہے۔ادارہ معارف اسلامی اسلامک ریسرچ اکیڈمی ڈی ۳۵ بلاک ۵،فیڈرل بی ایریا سے یہ رسالہ قیمتاً طلب کیا جاسکتا ہے۔ (قیمت درج نہیں) افسوس کہ مؤلف (ڈاکٹر اسماعیل الطحان صاحب) کا تعارف شاملِ اشاعت نہیں۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ ندوی صاحب،ترجمۃ المؤلف بھی شامل فرمادیتے۔

تیسرا تحفہ جناب ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب کی کتاب ''کتاب الٰہی کے پانچ مطالبات'' کا ہے۔کتاب کے اہم مباحث قرآن کے پانچ مطالبات پر مشتمل ہیں جو یہ ہیں۔

پہلا مطالبہ، ایمان بالقرآن، دوسرا مطالبہ تلاوت قرآن، تیسرا مطالبہ تدبر قرآن، چوتھا مطالبہ عمل بالقرآن اور پانچواں مطالبہ تبلیغ قرآن وابلاغ تعلیمات قرآن۔

بدقسمتی سے سنی العقیدۃ مسلمانوں میں ایک بڑا طبقہ ایسا ہے جس میں قرآنی علوم سے دلچسپی ناپید ہے۔بہت زیادہ ہوا تو کسی تفسیر کا کوئی حصہ مطالعہ کرلیا،تفسیر کے مطالعہ سے مطالب قرآن سمجھنے میں تو مدد ملتی ہے مگر علوم قرآنی سے نسبت وتعلق پھر بھی مفقود ہی رہتا ہے۔قرآنی علوم پر جمہور اہل سنت کے معاصر علماء کی کتب نہ ہونے کے برابر ہیں حالانکہ اس عنوان پر بہت زیادہ لکھنے کی آسان زبان میں لکھنے کی ضرورت ہے۔اور جب علماء اس ضرورت کو پورا کرنے سے مجتنب رہیں گے تو غیر عالم لوگوں کی موشگافیاں اس خلا کو پر کرنے کی کوشش کرتی رہیں گی۔

زیر نظر کتاب جن فاضل مؤلف کی ہے وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے ڈین دینیات رہے ہیں، کلیۃ الشریعۃ جامعہ ملک عبدالعزیز و جامعہ امام محمد بن سعود میں استاذ رہے ہیں، ملائیشیا میں علوم الوحی والعمرانیات کے پروفیسر رہے ہیں،سرسید یونیورسٹی کراچی میں اسلامیات کے استاذ رہے ہیں۔انہوں نے زمخشری کی تفسیر الکشاف کا تحلیلی جائزہ بھی لیا ہے،تجارتی سود پر اپنا نکتہ نظر انہوں نے بشمول اسٹیٹ بینک،مختلف بینکوں کے شریعہ بورڈز میں پیش کیا ہے۔متعدد تحقیقی وعلمی مقالات لکھے ہیں ان کی زیر نظر کتاب بینک اسلامی پاکستان کے تعاون سے شائع ہوئی ہے اور بلا معاوضہ تقسیم کی گئی ہے۔ہمیں ان کی یہ

کتاب جناب غلام مرتضی قاضی صاحب نے (جو بینک اسلامی کمرشل ایریا کے برانچ مینجر ہیں) تحفۃً ارسال کی ہے۔ اللہ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ کتاب درج ذیل پتہ سے مل سکتی ہے: حکمت قرآن انسٹیٹیوٹ حاجی اللہ بخش ولیج احسن آباد اسکیم نمبر ۳۳ کراچی۔

ایک اور تحفہ جناب علامہ سہیل احمد سیالوی صاحب کی ارسال کردہ کتاب ''المرشد'' کا ہے۔ اس کتاب کا تعارف سردست پیش کرنے سے ہم قاصر ہیں، کیونکہ یہ نہ تو کوئی عام مرشد ہے اور نہ ہی اخوان المسلمین والا (المرشد العام) ہے، بلکہ ایک تو یہ معرف باللام مرشد ہے اور پھر المرشد الی...... بھی ہے۔ لہٰذا یہ جاننے کے لئے کہ یہ کیسا مرشد کس کا مرشد اور کس چیز کی طرف مرشد ہے؟ آئندہ شمارہ تک زحمت انتظار فرمایئے کہ بقول اقبال:......

کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر

WOULD YOU LIKE TO KNOW SOMETHING ABOUT ISLAM ?

By : Mohammad M. Ahmed

Really a book that tells you everything about Islam being criticized in the western society.

The book that clears up the misconceptions and misunderstandings about Islam.

The book bridges the gap between Muslims & Non Muslims.

Published by: Crescent Book Inc. P.O.Box 786Wingdale NY 12594-1435 www.crescesnt-books.com

E.mail: info@crescent-books.com

☆......ہر کہ دست از جان بشوید......ہر چہ در دل دارد بگوید......☆